Atlas Battery

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اٹلس بیٹری لمیٹڈ ("کمپنی") کے حصص داران کا سالانہ اجلاسِ عام ("AGM") بروز بدھ بتاریخ 29 ستمبر 2021 بوقت صبح 9:30 بجے بذریعہ زوم آن لائن درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے:

عمومی امور:

1 - 29 ستمبر 2020 کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق و تصدیق۔

2 - 30 جون 2021 کو ختم شدہ سال کے کمپنی کے پڑتال شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے بشمول چیئرمین کی جانب سے جائزے، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس پر غور و خوض اور اپنانے کی منظوری۔

3 - 30 جون 2021 کو ختم شدہ سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق فائنل کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی بحساب 40 فیصد (4 روپے فی شیئر) پر غور و خوض اور منظوری۔ یہ مجموعی 100 فیصد (10 روپے فی حصص) کے علاوہ کیش ڈیویڈنڈ ہے جو پہلے ادا کیا جا چکا ہے۔

4۔ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنا پر خود کو دوبارہ تقرر کے لیے پیش کر رہے ہیں۔

خصوصی امور:

5 - 30 جون 2021 کو ختم شدہ سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق بونس شیئرز کا اجرا بحساب 15 فیصد (ہر 20 شیئرز رکھنے پر 3 بونس شیئرز کی ادائیگی) پر غور و خوض اور منظوری۔

مندرجہ بالا پر عمل درآمد کرنے کے لیے، اگر ضروری سمجھا گیا تو اس کی ترمیم یا بغیر کسی ترمیم کے لیے بطور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کی منظوری:

5.1 طے پایا کہ "کمپنی کے منافع سے 36,539,510 روپے مالیت کی رقم 3,653,951 مکمل ادا شدہ عمومی شیئرز بحساب 10 روپے فی شیئر بطور بونس شیئرز کے اجرا کے لیے استعمال کیے جائیں گے اور یہ کمپنی کے ایسے شیئرز ہولڈرز کو دیے جائیں گے، جن کے نام کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں 14 ستمبر 2021 تک کاروبار کے اختتام پر موجود ہوں گے، انہیں بحساب 15 فیصد کے تناسب میں 3 عمومی شیئرز بحساب 10 روپے فی شیئر ہر 20 شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو دیے جائیں گے۔ مذکورہ شیئرز مستقبل کے منافع اور دیگر معاملات کے حوالے سے کمپنی کے موجودہ حصص کے مساوی درجہ رکھیں گے"۔

5.2 مزید طے پایا کہ "تمام فریکشنل شیئرز کو مشترک کیا جائے گا اور ڈائریکٹرز اس بات کے مجاز ہوں گے کہ وہ ان مشترک شیئرز کو اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کریں اور جب ان سے حاصل آمدنی کو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت آنے کسی منظور شدہ خیراتی ادارے کو ادا کریں"۔

5.3 مزید طے پایا کہ "ڈائریکٹرز کو اختیار تفویض کیا گیا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد پر عمل کریں اور اس سلسلے میں درکار تمام ضروری امور انجام دیتے ہوئے ان تمام معاملات کو حل کرنے کے لیے اسباب پیدا کریں جو کہ ضروری یا مطلوب ہیں"۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ایک بیان جو اوپر بیان کردہ خصوصی کاروبار سے متعلق ہے وہ اس میٹنگ کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

دیگر کاروبار

6 - چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

(دستخط)

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 08 ستمبر 2021

نوٹس:

I - حصص داران کے سالانہ اجلاسِ عام میں کرونا وائرس سے متعلق ہنگامی اقدامات

COVID-19 کی موجودہ صورتحال کے تحت حکومت نے ایک مقام پر عوامی اجتماعات کو معطل کر دیا ہے۔ مزید برآں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سرکلر نمبر 5 بتاریخ 17 مارچ 2020، سرکلر نمبر 10 بتاریخ 01 اپریل 2020، سرکلر نمبر 33 بتاریخ 05 نومبر 2020، سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021 اور سرکلر نمبر 6 بتاریخ 04 مارچ 2021 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے نوٹس ریفرنس PSX/N-372 بتاریخ 19 مارچ 2020 میں کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے حصص یافتگان اور عوام کی حفاظت اور فلاح و بہبود کے لیے بڑے پیمانے پر عام اجلاس کے لیے اپنی معمول کی منصوبہ بندی میں رد و بدل کریں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات پر غور کرتے ہوئے کمپنی اپنے کم سے کم ضروریات کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے حصص داران کے کم سے کم جسمانی تعامل کے ساتھ سالانہ اجلاس عام کو طلب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی حاضری کو منظم رکھتے ہوئے پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت کریں۔

مزید یہ کہ کمپنی نے یہ یقینی بنانے کے لیے انتظامات کیے ہیں کہ حصص داران سمیت تمام شرکاء اب ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وہ تمام اراکین جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ان سے التماس ہے کہ اپنی مندرجہ ذیل معلومات اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل (دونوں جانب سے کاپی) کے ساتھ بعنوان "رجسٹریشن برائے سالانہ اجلاس عام" کے investor.relations@abl.atlas.pk پر بذریعہ ای میل اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بھیجیں۔

حصص دار کا نام	CNIC نمبر	فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

مندرجہ بالا معلومات مہیا کرنے کے بعد رجسٹریشن کروانے والے اراکین کی ضروری تصدیق کے بعد انہیں کمپنی کی جانب سے بذریعہ ای میل، پاس ورڈ سے محفوظ کردہ ویڈیو لنک مہیا کیا جائے گا۔ وہ لنک سالانہ اجلاس عام والے دن صبح 9:20 بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گا۔

حصص داران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹم سے متعلق اپنے سوالات اور تبصرے بذریعہ ای میل investor.relations@abl.atlas.pk پر ارسال کر سکتے ہیں۔

اراکین کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ویڈیو لنک یا پراکسیز کے ذریعے اپنی حاضری کو منظم بناتے ہوئے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں۔

II۔ حصص منتقلی کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 15 ستمبر 2021 تا 29 ستمبر 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار یعنی میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ واقع کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو 14 ستمبر 2021 تک کاروباری دن کے اختتام سے پہلے موصول ہونے والے ٹرانسفرز کیش ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کی ادائیگی اور اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے قابلِ قبول تصور کیے جائیں گے۔

III - سالانہ اجلاس عام میں شرکت

کوئی بھی رکن جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے رکن کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کے دفتر میں یا بذریعہ ای میل investor.relations@abl.atlas.pk پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔ پراکسی فارم اس رپورٹ کے آخری حصے میں منسلک ہے۔

IV۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے اجلاس عام میں شرکت کے لیے گائیڈ لائنز

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے انفرادی بینیفیشل اونرز جو سالانہ عام اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں وہ اپنے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) بمعہ CDC اکاؤنٹ نمبر لازمی لائیں تاکہ اپنی شناخت کو ثابت کر سکیں اور پراکسی ہونے کی صورت میں CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل لازمی لائیں۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لیے نامزد شخص کے نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بوقت اجلاس پیش کرنا ہوں گے۔

V - پتے میں تبدیلی

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مطلع کریں۔

VI - کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ جمع کروانا

اراکین سے درخواست ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کی نقل بذریعہ ای میل یا فیکس ارسال کریں، اگر پہلے مہیا نہیں کی گئی ہے تاکہ کمپنی متعلقہ قوانین کی تعمیل کر سکے۔

VII - ای ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق پبلک لسٹڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص داران کو کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف الیکٹرونک ذرائع سے ان کے بینک اکاؤنٹ میں کرے جس کی تفصیلات حصص داران نے مہیا کی ہیں۔ اسی لیے تمام حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی بالکل درست معلومات (اگر پہلے مہیا نہیں کی گئی ہیں) اس رپورٹ کے آخری حصے میں منسلک "ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم" میں پر کر کے جلد از جلد جمع کروائیں۔ ایسے حصص داران جو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDS) کے ذریعے شیئرز ہولڈنگ رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک کی ضروری درکار معلومات براہ راست متعلقہ پارٹیسپنٹ/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس میں جمع کروائیں۔

VIII - غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی دفعات کے مطابق کوئی بھی ڈیویڈنڈ اور/یا شیئرز سرٹیفکیٹ جو تین سال کی مدت سے غیر کلیم یا غیر ادا شدہ ہیں اور واجب الادا ہیں، کمپنی ایسی غیر کلیم شدہ/غیر ادا شدہ رقم کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ہدایات کے مطابق وفاقی حکومت کو جمع کروانے کی پابند ہے۔

IX - منافع پر انکم ٹیکس روکنا

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (اے ٹی ایل) کو کمپنی یا فائلر کی حیثیت کا تعین کرنے کے لیے کمپنی جائے گی اور متعلقہ قوانین کے مطابق ٹیکس کاٹا جائے گا۔ تمام شیئرز ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ٹیکس میں کٹوتی کی زیادہ شرح سے بچنے کے لیے اپنے نام ATL میں شامل کرنے کے لیے ضروری کارروائی کریں۔ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ہولڈنگ انکم ٹیکس کی چھوٹ کا دعویٰ کرنے کے لیے کتاب کی بندش سے پہلے پہنچ جانے والے پتے میں سے کسی ایک پر کسی مستقل سرٹیفکیٹ جمع کرانا ضروری ہے۔ مزید یہ کہ مشترکہ حصص یافتگان کے حوالے سے ان کے حصص کو ٹیکس کٹوتی کے مقاصد کے لیے برابر سمجھا جائے گا جب تک کہ تناسب/حصہ (اگر کوئی ہے) کمپنی سیکریٹری/شیئرز رجسٹرار کو شیئرز ہولڈرز کے ذریعے مطلع نہ کیا جائے۔

X - سالانہ پڑتال شدہ اکاؤنٹس کی بذریعہ ای میل/سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی یا کسی اور میڈیا ذرائع سے سرکولیشن

SECP کے SRO 470(1)/2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے مطابق، کمپنی نے 19 مئی 2017 کو غیر معمولی اجلاس عام میں اپنے حصص داران سے سالانہ پڑتال شدہ اکاؤنٹس کاغذی شکل میں ارسال کرنے کے بجائے بذریعہ الیکٹرونک ذرائع جیسے کہ بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بھیجنے کی رضامندی حاصل کی تھی۔ اسی لیے، کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ 2021 کی CD کی شکل میں ترسیل کی ہے۔ مالیاتی معلومات بھی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دی گئی ہیں۔

حصص داران کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب "اسٹینڈرڈ ریکوسٹ فارم" پر کر کے کمپنی سیکریٹری یا کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سے سالانہ پڑتال شدہ اکاؤنٹس کاغذی شکل میں طلب کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں، جو انہیں ان کے رجسٹرڈ پتے پر درخواست موصول ہونے کے 7 یوم کے اندر بلا معاوضہ مہیا کر دی جائے گی۔

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP کے SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کی تعمیل میں، پڑتال شدہ مالیاتی بیانات اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس الیکٹرونک فارمیٹ میں بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

مندرجہ بالا نوٹیفکیشن کی تعمیل میں، ایسے اراکین جنہوں نے سالانہ رپورٹ 2021 کی الیکٹرونک کاپی کی درخواست کی تھی انہیں سالانہ رپورٹ ان کے ای میل پتے پر بھیج دی گئی ہیں۔ ایسے دیگر اراکین جو سالانہ رپورٹ 2021 کی الیکٹرونک کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ SRO کی تعمیل میں کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود فارم کو پر کریں اور الیکٹرونک کاپی کے لیے درخواست دائر کریں۔

XI - ای۔ووٹنگ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143-145 کی درکار ضروریات اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے لاگو ہونے کے تحت اراکین پوسٹل بیلٹ/ای۔ووٹنگ کا حق بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

XII - زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50)

زکوٰۃ کی کٹوتی ڈیویڈنڈ سے شیئرز کے ہر 10 روپے پر ادا شدہ ویلیو کی 2.5 فیصد کی شرح کے حساب سے کی جائے گی اور مقرر کردہ وقت میں متعلقہ اتھارٹی کے ساتھ جمع کروا دی جائے گی۔ استثنیٰ کے لیے دعوے کی صورت میں، براہ مہربانی زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے زکوٰۃ (کٹوتی اور رقم کی ادائیگی) کے رول 4 کے تحت اپنے زکوٰۃ ڈیکلریشن CZ-50 فارم ہمارے شیئرز رجسٹرار کے ساتھ جمع کرائیں۔ حصص داران لازمی طور پر اٹلس بیٹری لمیٹڈ کا نام اپنے فولیو نمبر یا سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر زکوٰۃ ڈیکلریشن میں متعلقہ جگہ پر درج کریں۔

XIII - سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز جمع کروانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام موجودہ کمپنیز کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں اس انداز کے ساتھ تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی جیسے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے وضاحت کی گئی ہے اور مطلع کردہ تاریخ کمپنیز ایکٹ 2017 کے نفاذ سے چار سال زیادہ نہ ہو۔

فزیکل شیئرز ہولڈرز سے ہدایت کی تعمیل کے لیے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کریں جو کہ کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ یا براہ راست CDC میں اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں۔

سرمایہ کار کسی بھی قسم کی معلومات/سوالات کی صورت میں کمپنی اور/یا شیئرز رجسٹرار سے مندرجہ ذیل پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کمپنی رجسٹرڈ آفس	شیئرز رجسٹرار
D-181، سینٹرل ایونیو، سائٹ، کراچی۔ 75730	میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی
ٹیلیفون: 4-32567990 (021) فیکس: 32564703 (021)	ٹیلیفون: 32424826 & 32412754 (021) فیکس: 32424835 (021)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

یہ اسٹیٹمنٹ 29 ستمبر 2021 کو ہونے والے اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس سے منسلک ہے جس کے تحت خصوصی امور انجام دیے جا رہے ہیں۔ اس اسٹیٹمنٹ کا مقصد اس طرح کے خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق بیان کرنا ہے۔

ایجنڈے کا آئٹم نمبر 5

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے اراکین کو 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز بحساب 15 فیصد کی سفارش کی ہے جس کا مجموعی کیپٹل 36,539,510 روپے بنتا ہے۔ ڈائریکٹرز نے مزید تجویز دی ہے کہ تمام فریکشنل شیئرز کو مشترک کیا جائے اور ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جائے کہ وہ ان مشترک شیئرز کو اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کرتے ہوئے حاصل ہونے والی رقم کو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت منظور شدہ کسی بھی خیراتی ادارے کو ادائیگی کر سکے۔

ڈائریکٹرز اس کاروبار میں ماسوائے بطور شیئرز ہولڈرز کے کوئی دیگر دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔